10977 ـ حسين رضي اللہ تعالی عنہ کا سر کہاں دفن ہے

سوال

اہل مصر کا دعوی ہے کہ حسین رضي اللہ تعالی عنہ کا سر ان کے ہاں دفن ہے ، اوراہل عراق نے ایک مسجد کا نام مشہد حسینی رکھا ہوا ہے ، مجھے یہ علم نہیں کہ صحیح کیا ہے اورعلماء کے اقوال میں سے راجح قول کے مطابق حسین رضي اللہ تعالی عنہ کی قبر کہاں ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

حسین رضي اللہ تعالی عنہ کی شہادت محرم 61 ھجری کوعراق میں ہوئ اوران کا جسد خاکی عراق میں ہی دفن ہوا ، اوریہ دعوی کہ ان کا سر مصر منتقل کرکے وہاں دفن کیاگیا توہمیں اس کی کسی دلیل کا علم نہیں اورنہ اصل کا علم ہے بلکہ اہل علم میں سے بعض محققین نے تواس کا انکار کیا ہے ، اورآپکی اس چیزسے جہالت آپ کوکوئ نقصان نہیں دے گی ۔

بلکہ آپ اوردوسرے مسلمانوں کے لیے مشروع تویہ ہے کہ انہیں اورباقی سب صحابہ کرام کے لیے رضي اللہ تعالی عنہ کا لفظ بولا کریں اوراسی کا عقیدہ بھی رکھیں اللہ تعالی ان سب سے راضي ہو آمین ۔

اوراللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اورصحابہ پر رحمتیں برسائے آمین یا رب العالمین ۔ .